ABC Certified | Member AKNS | باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

www.dailydhartiajk.com | dailydharti@gmail.com

روزنامہ

دھرتی

راولاکوٹ

چیف ایڈیٹر: عابد صدیق

ایڈیٹر: اعجاز قمر

جلد03	ہفتہ 11 مارچ 2023ء 18 شعبان 1444ھ 24 پھاگن 2079	صفحات04 / قیمت20روپے	شمارہ نمبر08

راولاکوٹ، وائس چانسلر جامعہ پونچھ ڈاکٹر ذکریا ذاکر، رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف خان اور دیگر فیکلٹی ممبران سے خطاب کر رہے ہیں

انھوں نے یہاں فیکلٹی آف ویٹرنری اینڈ اینیمل سائنسز کے

کانفرنس ہال میں فیکلٹی ممبران سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر رجسٹرار و ڈین بیسک سائنسز پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف خان نے بھی خطاب کیا۔ دریں اثناء ڈین انجینئرنگ ڈاکٹر محبوب عالم نے جامعہ پونچھ کی رینکنگ جب کہ ڈائریکٹر ورکس انجینئر وسیم احمد نے جامعہ کے پونچھ کے ترقیاتی منصوبوں سے متعلق بریفنگ دی۔ ڈاکٹر ذکریا ذاکر نے کہا کہ اگر قانون میں ابہام نا ہو تو کوئی آپ کے کام یا فیصلوں پر انگلی نہیں اٹھا سکتا۔ یہی وجہ ہے کہ کورٹ میں جو مقدمات تھے سب کے فیصلے یونیورسٹی کے حق میں ہوئے اس سے واضح ہے کہ ہم نے قانون کے مطابق فیصلے کئے۔ انھوں نے کہا کہ جامعہ کے زیر التواء منصوبے ہمارے ضمیر پر بوجھ ہے۔ ہم طلبہ، اساتذہ سمیت تمام اسٹاف کو اچھا ماحول فراہم کرنا چاہتے ہیں۔ ہماری کوششوں کے نتائج جلد سامنے آنا شروع ہو نگے ہم اپنے کام کی تشہیر خود نہیں کرینگے بلکہ ہمارا کام ہماری تشہیر کرے گا۔ کامیابی کا انحصار ہماری محنت کیساتھ یقین پر بھی ہے۔ اب جامعہ کے کام سٹریم لائن ہو چکے ہیں اب لوگ باتیں نہیں بلکہ نتائج دیکھیں گے۔ جامعہ پونچھ کی رینکنگ کیلئے رجسٹریشن پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے وائس چانسلر نے کہا کہ دنیا میں تعلیمی میدان میں اب مہینوں، سالوں نہیں بلکہ روزانہ کی بنیاد پر تبدیلیاں آرہی ہیں اس لئے اس میدان میں اپنی شناخت بنانا انتہائی ضروری ہے۔ اگر وقت کیساتھ نا چلے تو نہ صرف پیچھے رہ جائیں گی بلکہ ہماری بقاء خطرے میں پڑ جائے گی اس لئے یہ رینکنگ ہماری بقاء کا مسئلہ ہے۔ وقت کے لحاظ سے رینکنگ ہمارے لئے سب سے زیادہ اہمیت اختیار کر گئی ہے۔ رینکنگ کوئی ایک مرتبہ کا کام نہیں بلکہ یہ ایک مسلسل عمل ہے اور یہ ہم سے ٹیم ورک کا تقاضا کرتا ہے۔ اس موقع سوال وجواب کی خصوصی نشست کے دوران فیکلٹی ممبران نے وائس چانسلر کی کارکردگی کو زبردست الفاظ میں سراہا اور اس عزم کا اعادہ کیا کہ جامعہ پونچھ کو جدید تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے کیلئے تمام کوششیں بروئے کار لائیں گے۔

قانون کی عملداری اور درست فیصلے ہی اداروں کی طاقت اور پہچان ہیں

وائس چانسلر جامعہ پونچھ

قانون میں ابہام نہ ہو تو کوئی انگلی نہیں اٹھا سکتا، زیر التواء منصوبے ہمارے ضمیر پر بوجھ، اب کام ہی ہماری تشہیر کریگا

تعلیمی میدان میں تبدیلی اب روزانہ کی بنیاد پر ہے، وقت کیساتھ چلنا ہے، ڈاکٹر ذکریا ذاکر اور ڈاکٹر عبدالروف کا فیکلٹی ممبران سے خطاب

راولاکوٹ (دھرتی نیوز) وائس چانسلر جامعہ پونچھ پروفیسر ڈاکٹر محمد ذکریا ذاکر (پرائیڈ آف پرفارمنس) نے کہا ہے کہ قانون کے مطابق اور بروقت درست فیصلے ہی اداروں کی طاقت اور پہچان ہوتے ہیں۔ اس کیلئے ہم نے سب سے پہلے اپنے ادارے کا لیگل فریم ورک ٹھیک کرنا ہے۔ ہم نے باہمی مشاورت کیساتھ جامعہ پونچھ کے قوانین کو حتمی شکل دے دی ہے یہ ایک اہم مسئلہ تھا جو عرصہ دراز سے زیر التواء تھا۔ ان خیالات کا اظہار (بقیہ 13 صفحہ 30 پر)